بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروزسوموار مورخہ 26/اکتوبر 2020

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ تعلیم (2) محکمہ بی واسا

☆ 182 **جناب اصغر علی ترین رُکن اسمبلی**

نوٹس موصول ہونیکی تاریخ.17-05-019

11 ستمبر 2020 کو مؤخر شدہ

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت بی ایس کی سطح پر کالجز میں جرنلزم (صحافت) کا مضمون شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو کب تک کالجز میں جرنلزم (صحافت) کے شعبہ کا قیام عمل میں لایا جائے گا نیز اگر جواب نفی میں ہے تو اسکی وجوہات کیا ہیں تفصیل بھی دی جائے

وزیر تعلیم

تا حال حکومت بلوچستان نے بی ایس کی سطح پر کالجز میں جرنلزم (صحافت) کا شعبہ شروع کرنے کا ارادہ ظاہر نہیں کیا ہے۔ البتہ انٹرمیڈیٹ کی سطح پر اس سال سے جرنلزم (صحافت) کو اختیاری مضمون کے طور پر کورس میں شامل کیا جارہا ہے

☆ 240 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی**

نوٹس موصول ہونیکی تاریخ 21-10-019

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 19-2018 کے بجٹ میں بوائز پرائمری اسکول کلی بنسا رواشک کے لئے 63,29.000 رقم مختص کی گئی۔ نیز کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ اسکول کے نام سے اخبارات میں ٹینڈر بھی شائع کئے گئے۔

(ب) اگر جزو (الف) جواب اثبات میں ہے تو کیا مذکورہ اسکول بنسار میں تعمیر کیا گیا ہے۔ یا مذکورہ ضلع کے کسی دیگر علاقہ میں تفصیل دی جائے۔

وزیر تعلیم

یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی بنسار کے لئے 63,29.000 رقم مختص کی گئی ہے۔ DEO واشک کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے مطابق ٹینڈر C&W کی جانب سے جاری کئے جاتے ہیں، تاہم یہ اسکول کلی بنسار میں مجوزہ اور منظور شدہ جگہ پر ہی تعمیر کیا جارہاہے اور یہ تحصیل ناگ کے دوردراز علاقہ میں واقع ہے۔ اس اسکول کی تعمیر کا ٹھیکہ میسرز حمید اللہ لوراجا کو دیا گیا ہے اور اس اسکول کی تعمیر کا 65 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور بقیہ تعمیراتی کام ماہ مارچ میں شروع کیا جائے گا۔

☆ 241 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونیکی تاریخ۔21-10-019

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا درست ہے کہ مالی سال 2018.19 کے بجٹ میں ضلع واشک کے متعدد اسکولوں کی تعمیر کے لئے رقم مختص کی گئی۔ جن کی تفصیل ذیل ہے۔ گورنمنٹ بوائز سکول کلی فقیر محمد زرناز، کلی بنسار، کلی گریگ، گورشنگ، گرنمنٹ گرلز مڈل اسکول واشک، ھائی اسکول واشک، اور گرنمنٹ گرلز ھائی اسکول ماشکیل۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو مذکورہ اسکولوں کے کاموں کے ٹھیکے کن کن ٹھیکیداروں کو دیئے گئے تفصیل دی جائے۔

وزیر تعلیم

یہ درست ہے کہ ضلع واشک کے متعدد اسکولوں کی تعمیر کے لئے بجٹ میں رقوم مختص کی گئیں۔ DEO واشک کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے مطابق، تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کلی فقیر محمد زرناز، PSDP.NO.1295 اس اسکول کی تعمیر کا ٹھیکہ میسرز جھالاوان انٹر پرائزز کو دیا گیا۔ ساٹھ فیصد کام مکمل ہے۔

2۔ گورنمنٹ گرلز ھائی اسکول واشک، فنڈز کی عدم فراہمی کی وجہ سے کام بند ہے۔

3۔ گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گواشنگ واشک، فنڈز کی عدم فراہمی کے وجہ سے کام بند ہے۔

4۔ گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکو کلی بنسار، PSDP.NO.1295، اس کا ٹھیکہ میسرز حمید اللہ لوراجا، کو دیا گیا۔ اس کا 65 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔

5۔ گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول گرینگ PSDP.NO.1295، اس کا ٹھیکہ میسرز حاجی محمد ابراہیم دھانی کو دیا گیا۔ اس کا 40 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔

6۔ گورنمنٹ گرلز ھائی اسکول ماشکیل، PSDP.NO.1295، اس کا PC.1 منظور نہیں ہوا ہے۔

☆245 جناب احمد نواز بلوچ رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ 29-11-2019

11 ستمبر 2020 کو مؤخر شدہ

کیا وزیر تعلیم از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم میں رائج کلسٹر سسٹم کے مطابق ہر ہائی اسکول اپنے اردگرد کے پرائمری اور مڈل اسکولز کا کلسٹر ہیڈ ہوتا ہے اور ایک وضع کردہ پالیسی/طریقہ کار کے تحت ان اسکولوں کیلئے ایک مخصوص فنڈز جاری کر کے انھیں اپنی ضروریات کے مطابق بذریعہ ٹینڈر ریڈنگ، رائٹنگ اور فرنیچر وغیرہ کی خریداری کا اختیار دیتا ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو سال 2015 تا 2019 کے دوران کوئٹہ کے تمام کلسٹر ہیڈز کے تحت جاری کردہ فنڈز کی اسکول وار تفصیل دی جائے اور ہر کلسٹر ہیڈ کے تحت فراہم کردہ فنڈز کی آڈٹ شدہ نقول جن جن فرمز کو فراہم کی گئی کی نقول نیز کلسٹر ہیڈ کے ماتحت آنیوالے پرائمری اور مڈل اسکولز کے اسٹاک رجسٹر کی نقول/کاپیاں بھی فراہم کی جائیں۔

وزیر تعلیم۔

جواب موصول نہیں ہوا

☆343 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونیکی تاریخ۔ 8-9-2020

کیا وزیر تعلیم از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال 2020-21 کے دوران ضلع کوئٹہ کے کن کن مڈل بوائز اور گرلز سکولوں کو ہائی کا درجہ دیا جائے گا۔ ان کے نام، علاقہ اور آمدہ لاگت کی سکول وار تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر تعلیم۔

جواب موصول نہیں ہوا

☆344 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونیکی تاریخ۔ 8-9-2020

کیاوزیرتعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال 21-2020 کے دوران ضلع کوئٹہ کے کن کن پرائمری سکولوں کو مڈل کا درجہ دیا جائے گا۔ان کے نام،علاقہ اور بلڈنگ وغیرہ پرآمدہ لاگت کی سکول وارتفصیل بھی دی جائے۔

وزیرتعلیم۔

جواب موصول نہیں ہوا

☆327 **جناب ٹائٹس جانسن رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونیکی تاریخ **9-9-2020**

کیاوزیرتعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

گزشتہ دوسالوں کے دوران اقلیتوں کیلئے مختص کردہ 5فیصد کوٹہ کے تحت تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، تعلیمی قابلیت،عہدہ،گریڈاورلوکل/ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے۔

وزیرتعلیم۔

جواب موصول نہیں ہوا

کوئٹہ، سیکرٹری،

مورخہ 23اکتوبر۔2020ء بلوچستان صوبائی اسمبلی